www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com

خواجہ عبدالمنان راز

اے خدا! ہم تھے کیا، آج کیا ہو گئے؟

اے خدا ہم تھے کیا آج کیا ہو گئے
تجھ سے کٹ کر اسیرِ بلا ہو گئے

تھا زمانہ کہ ہمت کا کوہسار تھے — ہے زمانہ کہ مٹی کا انبار ہیں
تھا زمانہ کہ نورِ سحر تھے کبھی — ہے زمانہ کہ اب ہم شبِ تار ہیں
تھا زمانہ کہ دنیا تھی زیرِ نگیں — ہے زمانہ کہ خود ہم نگوں سار ہیں
تھا زمانہ کہ عظمت کا مینار تھے — ہے زمانہ زمیں پر فقط بار ہیں
تھا زمانہ کہ گلہائے رنگیں تھے ہم — ہے زمانہ کہ بکھرے ہوئے خار ہیں
تھا زمانہ کہ دنیا کے سالار تھے — ہے زمانہ کہ اب مردِ بیمار ہیں
تھا زمانہ کہ ہم تھے صدائے جرس — ہے زمانہ کہ اب ہم گلوکار ہیں
تھا زمانہ کہ غازی تھے کردار کے — ہے زمانہ کہ گفتارِ بیکار ہیں
تھا زمانہ اصولوں پہ دیتے تھے جاں — ہے زمانہ کہ اب جنسِ بازار ہیں
تھا زمانہ کہ شمشیرِ شبیر تھے — ہے زمانہ منافق کی تلوار ہیں
تھا زمانہ اخوت سے سرشار تھے — ہے زمانہ کہ نفرت کی تلوار ہیں
تھا زمانہ چراغِ ہدایت تھے ہم — ہے زمانہ کہ من جملہ اشرار ہیں
تھا زمانہ کہ غیرت کی تصویر تھے — ہے زمانہ کہ عبرت کا شاہکار ہیں
تھا زمانہ علمدارِ اسلام تھے — ہے زمانہ خدا ہی سے بیزار ہیں

© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com

تھا زمانہ نمونہ تھے اخلاق ہیں ہے زمانہ سیاہ کار و بدکار ہیں
تھا زمانہ کہ دنیا کے غم خوار تھے ہے زمانہ کہ سفاک و خونخوار ہیں
تھا زمانہ کہ ہم بت شکن تھے کبھی ہے زمانہ کہ بت ساز فنکار ہیں
تھا زمانہ کہ ہم تھے مہکتی صبا ہے زمانہ کہ صرصر کی یلغار ہیں
تھا زمانہ کہ قرآں کی آیات تھے ہے زمانہ کہ چرکیں کے اشعار ہیں

اے خدا ہم تھے کیا آج کیا ہو گئے؟
تجھ سے کٹ کر اسیرِ بلا ہو گئے!

یاس و غم، خوف و لالچ میں محصور ہیں ہم زبوں حال، مغضوب و مقہور ہیں
تو خطا پوش ہے ہم خطا کار ہیں تیری رحمت کے تجھ سے طلب گار ہیں

اے خدا بخش دے ہم خطا کار ہیں
اے خدا بخش دے ہم گنہگار ہیں

(بشکریہ "المنبر" لائلپور)

تفسیر جامع البیان

تفسیر مدارک التنزیل، قرطبی، ابن کثیر، ابن عباس، نسفی فی ظلال القرآن، مظہری، المستدرک، مجمع الزوائد، زوائد لابن حبان، فتح العلام، شرح بلوغ المرام وسراج الوہاج شرح مسلم للنواب صدیق الحسن خان۔ المحلی لابن حزم، التاج الجامع لاصول فی احادیث الرسول، تحفۃ الاحوذی، الملل والنحل، طبقات الحنابلہ، منہاج السنۃ مجموعہ فتاوی لابن تیمیہؒ، عون المعبود، فتح القدیر۔

رحمانیہ دار الکتب امین بازار لائلپور

© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ